سینیئر وزیر (بلدیات): آپ بیٹھیں، بیٹھیں، بیٹھیں۔ سپیکر صاحب! میرے بھائی نے بڑی اچھی بات کی ہے کہ اسلامیہ کالج ایک بہت پرانا Institution ہے، بہت بڑا نام ہے۔ ہم اس نام کو اور بڑا کرنے کیلئے اسلامیہ کالج یونیورسٹی Propose کرتے ہیں۔ اس سے میرے خیال میں اسلامیہ کالج کی اور زیادہ حیثیت بڑھتی ہے۔ یہ ایسی بات نہیں ہے، اسلئے مہربانی کر کے ہاؤس سے پوچھیں کہ نام اسلامیہ کالج یونیورسٹی جو ہے، وہ بالکل ٹھیک ہے۔ (تالیاں)

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، زۀ یو منټ غواړم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب ثاقب اللہ صاحب۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب، زما دے خپل مشر ته دا درخواست دے چه په دے سوچ اوکړی، خبره ډسکشن کښې د اسلامیه کالج د University status نه ده، د دے د نوم باره کښې ډسکشن دے۔ دا یو نوم چه دے، دا Historical نوم دے۔ د دے یو تاریخ دے، دغه نوم بدلولو باندے څه دغه نشته، دے گورنمنټ کالج یونیورسټی، کالج او یونیورسټی یو بل سره لګول نه دی پکار، خیر دے جی که یو کس غلط کار کوی خو مونږ به ورپسے کوؤ، دا خو څه خبره نه ده او نوم دے، یو کس به خائسته گل اېږدی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سپیکر صاحب، میں اپنے بھائی سے یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر-----

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب قاضی اسد صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: وہ تو Constituent Collage ہے، اس کالج کی بنیاد پر یونیورسٹی بن رہی ہے، ہم اس کالج کو As it is رکھ رہے ہیں، ہم یونیورسٹی جو بنا رہے ہیں، اس کو اس کالج کے ساتھ منسوب کر کے اسے یونیورسٹی کا نام دے رہے ہیں۔

Mr. Deputy Speaker: Let us asked the House. The motion before the House is that the amendment moved by the Honourable Member may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Deputy Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped and the original sub-clause (1) of Clause 3 stands part of the Bill. Amendment in sub-clause (2) of Clause 3 of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan, Honourable MPA, to please move his amendment in sub-clause (2) of Clause 3 of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan.

Mr. Abdul Akbar Khan: Mr. Speaker sir, I beg to move that sub-clause (2) of Clause 3 may be………

Voices: No, No.

جناب عبدالاکبر خان: جو 'No' کہہ رہے ہیں، میں کسی سے بھی پوچھتا ہوں کہ مجھے بتاؤ کہ یہ کیا ہے؟ (قہقہہ) جناب سپیکر، میری درخواست ہے، جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ رول 85 کی طرف دلانا چاہتا ہوں جی، یہ بہت ضروری ہے۔ اگر آپ Principle of Bill پر ڈسکشن نہیں کریں گے تو اس

ہاؤس کے ممبران کو کیاپتہ لگے گا کہ اس بل میں ہے کیا؟ اگر آپ ڈسکس نہیں کریں گے کہ یہ ہم کیا کیا Legislation آپ سے کروا رہے ہیں، کس کس چیز کی Approval کروا رہے ہیں تو جب تک یہ Explain نہیں کریں گے تو اس ہاؤس کو کیسے پتہ لگے گا؟ اسلئے تو 85 دیا ہے۔ "On the day on which any of the motions referred to in rule 82 is made or on any subsequent day to which the discussion thereof is postponed, the principle of the Bill and its provisions may be discussed generally".

یہ Mandatory ہے اگر آپ اس کو ڈسکس نہیں کرینگے اور میری ایک ریکویسٹ ہو گی کہ منسٹر صاحب کاغذ سے نہیں پڑھیں گے، یہ ان کے جو Principles ہیں، یہ ہمیں زبانی بتائیں گے کہ یہ بل کیوں لا رہے ہیں، اس میں کیا کیا چیزیں ہیں؟ تاکہ ہم سمجھ سکیں، اس کا جواب دے سکیں اور ہم بھی بولیں کہ کیوں لا رہے ہو؟

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: سر، عبدالاکبر خان-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب قاضی اسد صاحب!

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: سر، عبدالاکبر خان صاحب جو بات کر رہے ہیں، یہ جس Sub-clause کو Delete کرنا چاہتے ہیں، یہ کہتے یہ ہیں کہ یونیورسٹی بنائیں جو اوریجنل بل میں ہے۔ ہم کیا کہہ رہے ہیں سر؟ ہم اوریجنل بل میں کہہ رہے ہیں کہ The University shall consist of----

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: نہیں، اس سے مت پڑھو------

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: کیوں سر، میں آپ کو زبانی، حفظ کر کے تو نہیں، میں بل میں سے پڑھ رہا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ریفرنس تو دے گا نا، آپ پڑھیں ریفرنس سے مطلب ہے کہ-----

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: میں اس ریفرنس سے جی، سر، یہ کہتے ہیں، ہم کہتے ہیں کہ The University shall consist of the Members of the Syndicate, the academic council, the board of faculties, constituent colleges. اب یہ کہتے ہیں کہ ختم کر دیں، بلڈنگ اوپر بنالیں، نیچے کہتے ہیں پہلا فلور ختم کر دیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: نہیں، نہیں سر، Principle of the Bill، میں Principle of the Bill کی بات کر رہا ہوں جناب سپیکر، "And its provisions may be discussed generally, -----

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: یہ جو اس نے امینڈمنٹ لائی ہے------

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، میں۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: اس میں لکھا ہوا ہے کہ “Sub-clause (2) of Clause 3 may be deleted”، تو میں اس پر بات کر رہا ہوں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، میں 85 کی بات کر رہا ہوں۔ یہ تو میری کلاز کی جو امینڈمنٹ میں لا رہا ہوں، اس پر میں خود بولوں گا، جس وقت میں اس پر ڈسکشن کروں گا کہ میں یہ امینڈمنٹ کیوں لا رہا ہوں؟۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: کب بولے گا، سر؟ یہ تو بحث اس طرح کر رہا ہے، بولے نا۔

جناب عبدالاکبر خان: لیکن جناب سپیکر، یہ ہمیں بتائیں کہ یہ Provision کیا ہے؟ اس بل میں کیا ہے؟ یہ بل کس لئے لا رہے ہیں؟ یہ تو بتا دیں نا، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالاکبر صاحب! آپ کو اجازت دی جاتی ہے کہ آپ جو Amendment لانا چاہتے ہیں In clause 2of the Bill تو اس میں آپ Explain کر لیں کہ آپ کیوں، مطلب ہے اس میں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ جو آپ نے لکھا ہے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں Provision سے پہلے بولوں، یہ Amendment تو بعد کی بات ہے۔ پہلے یہ تو Provision بولیں ہم سے کہ ہم ڈسکس کریں کہ یہ بل کیوں لا رہے ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: اس نے تو آپ کو جواب دے دیا نا، اب آپ ان کے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: اس نے کیا جواب دیا ہے مجھے، سر؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں یونیورسٹی۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، یونیورسٹی بنا رہے ہو، کس لئے بنا رہے ہو اور کیوں بنا رہے ہو جناب سپیکر؟

جناب ڈپٹی سپیکر: اس نے جواب دے دیا، آپ Explain کر لیں نا۔

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر، ټائم ورکړئ، خیر دے ډسکشن د پرے اوکړی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، ہمیں، ہاں۔ جناب سپیکر، میں مشکور ہوں بشیر خان کا کہ آپ ٹائم نہیں دے رہے تھے، انہوں نے ٹائم دے دیا کہ اس پر میں ڈسکشن کر لوں۔ (قہقہے/تالیاں) جناب

سپیکر، میں یونیورسٹی کے خلاف نہیں ہوں اور میرے خیال میں کوئی Sensible آدمی بھی کسی Institution، خاصکر Educational Institution کے خلاف نہیں ہو سکتا۔ ہم تو کہتے ہیں کہ آپ دو ہزار یونیورسٹیاں بنائیں، ہمیں اس سے وہ نہیں ہے کہ ہم یونیورسٹیوں کے مخالف ہیں۔ جناب سپیکر، یہ جو اسلامیہ کالج ہے، اس میں تین چار چیزوں پر ہم اس کی مخالفت کر رہے ہیں کہ یہ یونیورسٹی نہ بنیں۔ جناب سپیکر، یہ کہ اس میں بہت سے Stake holders ہیں، پشاور یونیورسٹی Stake holder ہے کیونکہ اس کا جو ٹرسٹ ہے اور اس کا اختیار جو، یہ Constituent collage تھا پشاور یونیورسٹی کا اس بل سے پہلے، اب بھی ہے جب تک یہ بل Adopt نہ ہو تو یہ پشاور یونیورسٹی کا Constituent collage ہے، آپ نے اس Stake holder سے، اس یونیورسٹی سے پوچھا ہے کہ ہم آپ کا ایک Constituent collage آپ سے علیحدہ کر رہے ہیں اور یہ کسی اور یونیورسٹی کو دے رہے ہیں تو آپ نے اس یونیورسٹی سے کوئی بات نہیں کی، ایک۔ دوسری جناب سپیکر، یہ صوبہ سرحد کے سارے کالجوں میں، میں سمجھتا ہوں کہ واحد کالج ہے جو ایک ٹرسٹ پر چل رہا ہے اور اس کی جو روایات ہیں، وہ جناب سپیکر، تقریباً آج سے سو سال پرانے ہیں۔ 1901 میں جب یہ صوبہ بنا تو 1909 میں صاحبزادہ عبدالقیوم اور یہاں پر جو چیف کمشنر تھے، روز کیپل، وہ علی گڑھ یونیورسٹی چلے گئے جناب سپیکر، اور وہاں پر مسلم جو سٹوڈنٹس تھے اور خاصکر اس صوبے کے مسلم جو سٹوڈنٹس تھے، انہوں نے ان کو چندہ دیا کہ آپ ایک ہال بنائیں اور جناب سپیکر، جب وہ آئے تو یہاں پر پشاور میں عبدالکریم نامی ایک کنٹریکٹر تھا، اس کے گھر پر میٹنگ کی کہ اس کیلئے تو پیسے Generate کرنے چاہئیں۔ آپ جناب سپیکر، 1910-11 کو دیکھیں تقریباً Almost hundred years back، اچھا، وہ شخص اور یہ لوگ بیٹھ گئے اور پہلے ہی دن میں، جو دیر کے نواب تھے، انہوں نے ایک لاکھ روپیہ اور جو سیٹھ کریم بخش، میں نہیں جانتا لیکن بشیر خان جانتے ہونگے، انہوں نے Fifty thousand rupees اس وقت دے دیئے جناب سپیکر، اور پھر اسی طرح اور لوگوں سے چندہ اکٹھا کیا اور آپ یقین کریں گے، میں، تہکال کے جو لوگ ہیں، ان کو سلام پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے تیس روپے کنال کے حساب سے زمیں ان کو دے دی۔ یہ صرف ایک نارمل وہ تھی، تیس روپے کنال کی جو زمیں ہے اسلامیہ کالج کی، 916، 917 کنال زمین تیس روپے کنال کے حساب سے اس چندے سے خریدی گئی۔ جناب سپیکر، پھر اور لوگوں نے اس میں، کیونکہ ٹرسٹ بنایا گیا، پھر قائداعظم یہاں پر آئے جناب سپیکر، انہوں نے اپنا One-third جو Asset تھا، وہ اس کالج کو دے دیا اور جناب سپیکر

(تالیاں) جناب سپیکر، جس ٹرسٹ کو اس ایکٹ کے ذریعے ختم کیا جارہا ہے، آپ اس ٹرسٹ کو دیکھیں، اس میں جناب سپیکر، آپ یقین کریں کہ غریب لوگوں نے نو، نو مرلے زمین چندے میں دی، انہوں نے اپنے حجرے چندوں میں دیئے، انہوں نے اپنے گھر چندوں میں دیئے۔ آپ جناب سپیکر، اس کو دیکھیں، تین ہزار، تین سو کنال زمین صرف چارسدہ کے غیر تمند لوگوں اور پختونوں نے وہاں پر اس کالج کو دے دی۔ آج اگر اس کے آپ دو لاکھ روپے کنال زمین بھی لگادیں تو چھیاسٹھ کروڑ روپے کی وہ زمین ہے جو اسلامیہ کالج کے ٹرسٹ کے ساتھ ہے، وہ ہتھیالی جارہی ہے، وہ اس سے لی جارہی ہے اور وہ اس یونیورسٹی کو، اور جب آپ ٹرسٹ ختم کریں گے جناب سپیکر، تو پھر تو ہر کسی کی مرضی ہے کہ اس کے ساتھ کیا کرے۔ جناب سپیکر، اب بورڈ آف ٹرسٹیز سے آپ اگر اس پر ایک پیسہ بھی خرچہ کرتے ہیں تو اس ٹرسٹ سے جو آمدن ہوتی ہے، اس کا آڈٹ ہوتا ہے اور جناب سپیکر، اس ٹرسٹ کا کمال یہ ہے کہ 1954 میں جب یہ ٹرسٹ بنایا گیا اور ڈاکٹر خانصاحب جو خان عبدالغفار خان صاحب کے بھائی تھے، وہ اس ٹرسٹ کے ممبر تھے اور انہوں نے فیصلہ کیا کہ اس ٹرسٹ میں New appointments نہیں ہوں گی، جو بھی Vacancy خالی ہو گی۔ جناب سپیکر، یہ واحد ٹرسٹ ہے کہ جو بھی Vacancy خالی ہو گی تو ٹرسٹ کے باقی ممبران گورنر کو خود سفارش کریں گے اور گورنر ٹرسٹ کا ممبر منتخب کریگا، تو یہ نہ ختم ہونے والا ٹرسٹ ہو گا۔ آج جن لوگوں نے اپنی، گل بی بی جو پڑانگ کے خیرودہ خان کی بیوہ تھیں، انہوں نے جناب سپیکر، اپنے سارے زیوارات لاکر صاحبزادہ عبدالقیوم خان کے حوالے کئے۔ (تالیاں) آج آپ اس ٹرسٹ کو ختم کررہے ہیں جناب سپیکر، آج آپ پشاور یونیورسٹی سے اس کو لے رہے ہیں، کیا ظلم کررہے ہیں؟ جناب سپیکر، اس لسٹ میں پڑا ہوا ہے، میں نے اس کو دیکھا ہے جناب سپیکر، مجھے تو چارسدہ کے گاؤں یاد نہیں ہیں لیکن ابابکری کوئی جگہ، ابا بکر کلے دے او کہ څه دے جناب سپیکر، تیرہ لوگوں نے اپنے گھر دیئے، اپنے حجرے دیئے اسلئے کہ یہ ٹرسٹ چلے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کیوں اس کے پیچھے لگے ہوئے ہیں؟ آپ جو Shops 79 ہیں، اس کے جو بالاخانے ہیں اور جو ان کے ہاؤسز ہیں، ان کی جتنی پراپرٹی ہے اربوں کروڑوں روپوں کی، کیوں اس کے پیچھے لگے ہوئے ہیں؟ جناب سپیکر، کیوں اس کو ہتھیانے کی کوشش کی جارہی ہے؟ کیوں اس کو ختم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے؟ جب آپ اس ٹرسٹ کو ختم کریں گے تو وہ تو پھر ان کے ہاتھ میں ہو گا جو اس کے مختار کل ہوں گے اور میں معذرت سے کہتا ہوں کہ یہ آپ کی لیجسلیشن نہیں ہے، یہ جو اوریجنل آرڈیننس ہے 6 مارچ کا، اس کے Ulterior

motives کو دیکھیں جناب سپیکر، اس کے پیچھے 18 فروری کو الیکشن ہوتے ہیں اور جب الیکشن ہوتے ہیں تو یہ ضروری ہے کہ یہ اسمبلی معرض وجود میں آئیگی، یہ ضروری ہے کہ یہاں پر حکومت بنے گی اور 18 فروری کو پتہ لگ گیا کہ کس پارٹی کی حکومت یہاں پر آئیگی؟ کونسی پارٹی میجارٹی میں ہے جس کی حکومت آئیگی؟ 6 مارچ کو کیئر ٹیکر گورنمنٹ نے یہ آرڈیننس نکالا، کیوں انتظار نہیں کیا؟ دس پندرہ دن کیوں انتظار نہیں کیا؟ پندرہ بیس دن کیا ضرورت تھی؟ جناب سپیکر، ھغه کتاب، Constitution شته۔ جناب سپیکر، اگر آپ دیکھیں آرٹیکل 128 کو کہ "The Governor may, except when the Provincial Assembly is in session, if satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action," یہ آپ کو پتہ ہے کہ الیکشن 18 تاریخ کو ہوئے ہیں، آپ کو پتہ ہے کہ مارچ میں یہ اسمبلی آئے گی، آپ کو پتہ ہے کہ یہ حکومت بنے گی، پھر آپ 6 مارچ کو یہ آرڈیننس کیوں نکال رہے ہیں، کیوں آپ کو جلدی ہے؟ اور پھر جناب سپیکر، جب یہ آرڈیننس Lapse ہو گیا، تین مہینے تک اس کو یہ اس اسمبلی میں نہیں لا رہے تھے جناب سپیکر، جب یہ Lapse ہو گیا تو دوبارہ آرڈیننس نکالا جناب سپیکر، آرڈیننس، یہ 1935 کے ایکٹ میں گورنر جنرل کو Legislative powers دیئے، کسی جگہ پر بھی ایگزیکٹیو کو Legislative powers نہیں دیئے جاتے لیکن جناب سپیکر، ہم سمجھتے ہیں کہ خدارا آپ کیوں اس کے پیچھے لگے ہوئے ہیں؟ ایک آدمی نے خواب دیکھا تھا، آج اگر وہ یہاں سے علی گڑھ گیا تھا تو وہ نہ By air گیا تھا اور نہ By road، مطلب ہے کہ کار میں گیا تھا، اب وہاں پر، یہاں پر لوگوں نے چندے دیئے، لوگوں نے اپنے زیوارات بیچے اور ان کو دیئے اور آج آپ اس سب کو لے رہے ہیں۔ قاضی صاحب کو ایک بریف دی گئی ہے اور Fortunately وہ بریف پہلے سے سارے اسمبلی ممبران میں تقسیم ہو گئی ہے، تو اب سر، قاضی صاحب کو بولنے کی اسلئے ضرورت نہیں ہے کہ ہم سب کو پتہ ہے کہ کیا بولیں گے؟ یہ زندگی میں پہلی دفعہ ہوا ہے کہ ایک منسٹر کی بریف سارے ممبران میں تقسیم ہو گئی ہے۔ میری درخواست ہے جناب سپیکر، کہ ہم اس پر ضد نہیں کرتے۔ اگر حکومت کو ضرورت ہے، ٹھیک ہے ان کے ساتھ میجارٹی ہے لیکن اگر ضرورت ہے، ہم بالکل اس سے انکار نہیں کرتے، اگر ان کو ضرورت ہے تو کم از کم جو Stake holders ہیں، جو Trustees ہیں، جو پشاور یونیورسٹی ہے، جو Constituent collages ہیں، ان کو تو کم از کم ایک منٹ کیلئے لاکر بٹھا دیں کہ بھئی، ہم آپ کے کالج کو پشاور یونیورسٹی سے لے رہے ہیں، پھر آپ کو پشاور یونیورسٹی کا جو ایکٹ ہے، اس میں بھی Amendment کرنی پڑے گی کیونکہ یہ تو آپ کو

وہاں سے Delete کرانا پڑے گا اسلئے کہ اسلامیہ کالج تو آج ان کا Constituent collage ہے، جب آپ اس کو دوسرے میں دے رہے ہیں تو اس سے نکالیں گے تب ہی وہ Legal ہو گا۔ اس طرح جناب سپیکر، اگر آپ ٹرسٹ کو ختم کریں گے تو Trustees کا جو بورڈ ہے، اس کو کہہ دیں کہ ہم آپ کے ٹرسٹ کو ختم کر رہے ہیں۔ تو ہم نہیں کہتے جناب سپیکر، پاس تو آپ ایک منٹ میں بھی اس کو کرا سکتے ہیں لیکن اگر آپ اس کو چار، پانچ، دس دن کیلئے سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کر لیں، اس سے کوئی فرق تو نہیں پڑے گا، Process تو Already سٹارٹ ہے، انہوں نے تو آرڈیننس پر پراسس سٹارٹ کیا ہوا ہے کیونکہ، مطلب ہے انہوں نے تو پراسس سٹارٹ کرنا ہی تھا نا، اسلئے تو جناب سپیکر، 6 مارچ کو آرڈیننس لایا تھا۔ اسلئے آپ کا نام نہیں ہو گا اس لاء پر، اس لاء پر ان کا نام ہو گا جنہوں نے 6 مارچ کو لایا ہے۔ ہم بے شک آپ کے ساتھ ہیں، ہم آپ کو سب سے پہلے سپورٹ کریں گے لیکن جو چیز ہم دیکھ رہے ہیں، جو کالے بادل جناب سپیکر، آرہے ہیں، جناب سپیکر، میں تجویز پیش کرتا ہوں Humbly کہ اس پر زور نہ دیں، ٹھیک ہے اگر آپ کے پاس میجارٹی ہے، آپ پاس کرا سکتے ہیں لیکن اگر پانچ، چھ دن، سات دن آپ اس کو سلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیج دیں، جو Stake holders ہیں، انکو بلائیں اور مطلب ہے کہ وہ اس پر بحث کر لیں جناب سپیکر۔ شکریہ۔

(تالیاں)

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: جناب سپیکر، میں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب پیر صابر شاہ صاحب۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: جناب سپیکر، اس میں گزارش کروں کہ عبدالاکبر خان صاحب نے جس طرح اس مسئلے کو اٹھایا ہے اور جو حقیقتیں سامنے آئی ہیں، میرے خیال میں کمیٹی میں جانے سے پہلے انہوں نے جو اعتراضات اٹھائے ہیں، اس کے جواب میں اس ہاؤس کے سامنے منسٹر صاحب پوری پوزیشن کی وضاحت کریں اور میرے خیال میں اس کے بعد پھر اسے کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: نہیں، میرے خیال وہ۔۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب قاضی اسد صاحب۔۔۔۔۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: سر، میں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جواب دے دیں تو پھر مطلب ہے کہ۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، دیکھیں Basically عبدالاکبر خان صاحب کو یہ اعتراض ہے اور ہاؤس میں انہوں نے یہ تشویش پیدا کرنے کی کوشش کی ہے کہ جو ٹرسٹ کی پراپرٹی ہے اور جو اتنی بڑی جائیداد ٹرسٹ کے پاس پڑی تھی، اس کا کیا ہوگا؟ تو ظاہر ہے سر، ہم نے اس کو یونیورسٹی کے حوالے کیا ہے اور یونیورسٹی یہ نہیں کہ کوئی شتر بے مہار ہے کہ بس جو صبح آئے گا اور وہ وائس چانسلر صاحب اس کو، وہ بھی آخر کار قانون کے تحت آیا ہے۔ ہم جس بل کو آپ کے سامنے لے کر آئے ہیں، یہ تین جگہ سے Vet ہوا ہے سر، یہ ہائر ایجوکیشن کمیشن پر سے گزرا ہے، لاء ڈیپارٹمنٹ سے گزر کر اور پھر ہمارے ڈیپارٹمنٹ سے گزر کر یہ آیا ہے، ایسی کوئی بات نہیں ہے اگر ان کو شک ہے کہ اس کی جائیداد، اور 1911 کے لوگوں کے جذبے جو ہیں، ان کو ختم کر دیا جائے گا اور یہ چیز ضائع کر دی جائے گی۔ میں ایک Suggestion پیش کرتا ہوں کیونکہ اسلامیہ کالج کے ساتھ جذباتی تعلق بہت زیادہ ہے، تو ہم اس کو ایک ہفتہ کیلئے سلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیجتے ہیں، پورے سات دن میں ہمیں سلیکٹ کمیٹی اس کے اوپر اپنی سفارشات دے دے اور ہم اس کو لے آئیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، اگر پندرہ دن دیئے جائیں تو بہتر ہوگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاؤس سے پوچھ لیتے ہیں نا، ہاؤس سے پوچھ لیتے ہیں-----

جانب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر------

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کیلئے موشن، مطلب ہے آپ Move کریں گے اور میں ہاؤس سے پوچھ لوں گا۔

Mr. Abdul Akber Khan: Sir, I beg to move that this Bill may be referred to the Select Committee and its report should be presented within fifteen days.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، Ten days میں کریں، Ten days سر۔

جناب عبدالاکبر خان: Fifteen ٹھیک ہے یار، Fifteen سر۔ روزہ ہے جی، روزہ ہے، Fifteen سر، کوئی فرق نہیں پڑتا پانچ دن سے۔

جناب عطیف الرحمن: جناب سپیکر صاحب، هم دلته په دے هاؤس کښې ئے فیصله اوکړئ جی، د دے سره خو د سلیکټ کمیټۍ هیڅ څه کار نشته۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاؤس سے پوچھتے ہیں۔ ممبران صاحبان سے پوچھا جاتا ہے کہ آیا عبدالاکبر صاحب اور ہمارے قاضی اسد صاحب، دونوں کی ڈسکشن آئی ہے تو آپ کی کیا رائے ہے کہ ہم اس کو سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کرلیں for one week؟

جناب عطیف الرحمان: پاس کول ئے پکار دی جی۔

(قطع کلامیاں / شور)

جناب بشیر احمد بلور (سینیئر وزیر): جناب سپیکر، اس کو سلیکٹ کمیٹی کے پاس جانا ہے، دس اور پندرہ دن کی بات نہیں ہے۔ اب دس دن میں ہمیں ضرورت ہے کہ ہم جلد اس کو پاس کریں۔ اس میں منسٹر صاحب نے دس دن کی ریکویسٹ کی ہے تو میرے خیال میں دس دن It's alright دس اور پندرہ دن سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

Mr. Deputy Speaker: So this is referred to the Select Committee for submitting its report within ten days.

(Applause)

Mr. Deputy Speaker: Now item No.10 and 11…..

جناب رحیم داد خان [سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی)]: جناب سپیکر۔

Mr. Deputy Speaker: Mr. Rahim Dad Khan.

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و ترقی): جناب سپیکر، زما یو پرسنل ریکویسټ وو تاسو ته، او ستاسو په Behalf باندے ایم پی ایز صاحبانو ته، پریس والا ته، الیکٹرانک میډیا ته چه ما په دے خپله غریبئ کښے نن په پی سی کښ افطار پارټی کړے ده چه دوئ په هغے کښ شمولیت اوکړی، مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: انشاءاللہ ټول به درځو۔ Now coming to item-----

سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): سپیکر صاحب، زما هم یو بل پاتے وو، بله ورځ، پرون چه مونږ خبره کړے وه دا ټول چه دیخوا نه، نو پرون د کارروائی سره زما یو بل پاتے وو، هغه به نن کوؤ جی۔ مهربانی۔

آرڈیننس ہا

Mr. Deputy Speaker: Now coming to items No. 10 & 11, the Honourable Minister for Local Government, NWFP, to please move that the 'N-W.F.P Local Government (Amendment) Bill,

2008' may be taken into consideration at once. The Honourable Minister, please.

<u>Mr. Bashir Ahmad Bilour (Senior Minister):</u> Sir, I beg to move that the 'North West Frontier Province Local Government (Amendment) Bill, 2008' be taken into consideration at once.

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The motion moved that the 'N-W.F.P. Local Government (Amendment) Bill, 2008' may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Since no amendment has been moved by any Honourable Member in clause 1 to 3 of the Bill, therefore, the question is that clauses 1 to 3 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 3 stand part of the Bill. Preamble also stands part of the Bill. 'Passage Stage': The Honourable Minister for Local Government, NWFP, to please move that the 'N-W.F.P Local Government (Amendment) Bill, 2008' may be passed. The Honourable Minister.

<u>Senior Minister LG&RD:</u> Thank you very mush, Mr. Speaker. Sir, I beg to move that the 'North West Frontier Province Local Government (Amendment) Bill, 2008 may be passed.

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The motion moved and question is that the 'N-W.F.P. Local Government (Amendment) Bill, 2008' may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The Bill is passed. Item No. 12 & 13……..

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> پوائنٹ آف آرڈر، سر۔ جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ ایک اہم رول 107 کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، آپ ملاحظہ فرمائیں۔ جناب سپیکر، اس کا جو۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> عبدالاکبر خان! کونسا؟

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> (2) 107۔ جناب سپیکر، یہ بل ہاؤس میں پیش ہوا تھا اور Fortunately اس وقت آپ Preside کر رہے تھے اور یہاں پر اس ہاؤس کا جو موڈ تھا، وہ اس بل کے Against تھا، تو جناب

سپیکر، آپ نے ہاؤس کے موڈ کو دیکھتے ہوئے ایک رولنگ دی تھی کہ اس بل کو اور ممبرز کے Salary Bill کو اکھٹے لایا جائے، یہ آپ کی رولنگ ہے جو یہاں پر آپ نے دی تھی لیکن Even then اگر حکومت اس بات پر Insist کرتی ہے تو پھر میں آپ کی توجہ اس (2) 107 کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔

"Where any of the following motions made by the Member-in-Charge in regard to a Bill under these rules is rejected by the Assembly, no further motion shall be made with reference to the Bill within a period of six months from the date of rejection;"

یا اس دن جناب، اس ہاؤس، آپ نے صرف Sense کیا تھا اسلئے آپ نے یہ رولنگ۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> عبدالاکبر صاحب! آپ غور سے رولز پڑھ رہے ہیں، مجھے Quote کر لیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> 107 کا سب رول 2۔۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> کونسا؟

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> 107 کا سب رول 2۔۔۔۔۔۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Rule 170, sub rule (2)……

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> نه، 70 نہیں، 107۔

<u>ایک آواز:</u> 107، ایک سو سات۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> میں درخواست کرتا ہوں کہ حکومت اس کو ڈیفر کرلے۔ دا سیلری والا۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> ستا سو دا منسترانو والا۔ سر، کلاز 2 چه دے، دا بیا۔۔۔۔۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> "Where any of the following motions made by the Member-in-Charge in regard to a Bill under these rules is rejected by the Assembly, no further motion shall be made with reference to the Bill within a period of six months",

آپ کونسے کے بارے میں۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب، میں یہ (a)، اس میں جو (a) ہے کہ

"that leave may be granted to introduce a Bill;"

(b) "that the Bill be referred to the Standing Committee or Select Committee",

(c) "that the Bill be taken into consideration";……

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نہیں، آپ۔۔۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! نہیں، میں Introduction کی بات کر رہا ہوں، اس وقت انہوں نے ہاؤس میں یہ کیا تھا اور ہاؤس نے اس کو Reject، نہیں کیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ دیکھیں نا، آپ کس (قہقہہ)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں تو اس ایجنڈے کی بات کر رہا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: Now I have taken item No. 12 and 13…….

جناب عبدالاکبر خان: کونسے ایجنڈے کا ہے؟

Mr. Deputy Speaker: That is pertaining to your Private Bill.

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، نہیں، اس میں تو Ten الگ ہے، یار۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کس بل کے بارے میں کہہ رہے ہیں؟

مسودہ قانون

Mr. Abdul Akbar Khan: Well, thank you, Mr. Speaker. 'The North West Frontier Province Civil Servants Regularization of Services (Amendment) Bill, 2008', Janab Speaker, I beg to move that this Bill may be taken into consideration at once……

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالاکبر صاحب، میں تو پڑھ لوں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، 77 ختم ہو گیا، جب آپ نے Leave دے دیا، جب آپ نے ایجنڈے پہ رکھ دیا تو Leave تو ختم ہو گیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالاکبر خان!۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں۔

Mr. Deputy Speaker: Let me read.

جناب عبدالاکبر خان: میں جانتا ہوں سر، 77 کو۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب آپ کے سیکرٹریٹ نے اور آپ نے اس کو ایجنڈے پر لا کے رکھ دیا تو اس کا مطلب ہے کہ آپ نے اس کو اجازت دے دی ہے کہ اس کو آپ پیش کر لیں، میں تو یہ Presume کر رہا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: Mr.Abdul Akbar Khan, Honourable MPA, to please move for leave of the House to introduce the 'N-W.F.P Civil Servants Regularization of Services (Amendment) Bill, 2008'.

جناب عبدلاکبر خان: سر، آپ چاہتے ہیں تو میں پیش کروں گا ورنہ میں تو Presume کر رہا ہوں کہ Leave آپ نے دے دی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ تو پوچھنا پڑے گا نا، وہ تو۔۔۔۔۔

Mr.Abdul Akbar Khan: Sir, I beg to move that leave may be granted to introduce the 'North West Frontier Province Civil Servants Regularization of Services (Amendment) Bill, 2008'.

Mr. Deputy Speaker: All the Honourable Members are requested to please give attention to this important matter. All the Honourable Members of this august House are requested to please be attentive. The motion before the House is that leave may be granted to the Honourable Member to introduce the 'N-W.F.P. Civil Servants Regularization of Services (Amendment) Bill, 2008'? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Leave is granted.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): جناب سپیکر، ہمیں تو پتہ بھی نہیں چلا، یہ تو سارے مل بیٹھ کر اکھٹے 'Yes' کرتے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحب، آپ Mind نہ کریں، جب یہ پیش کر رہے تھے تو آپ گپ لگاتے ہیں یا باتیں کرتے ہیں۔ یہ تو میں نے آپ سے کہا کہ I request all Member to give attention, it is very important matter. میں نے تو بار بار کہہ دیا۔ (تالیاں)

وزیر قانون: میں اس میں یہ گزارش کر دوں کہ ایک تو جی یہ ایجنڈے پر ہی آنا نہیں چاہیئے تھا، Fifteen days کا Compulsory نوٹس جو ہمیں نہیں دیا گیا ہے۔ کل آپ کے سیکرٹریٹ نے ایجنڈے پر اس کو کیوں لایا؟ Fifteen days کا نوٹس حکومت کو دینا چاہیئے تھا جی، کس طرح ایک دم آکر یہ بل یہاں پر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اب دیکھیں، آپ سے تو میں بار بار یہ گزارش کرتا ہوں کہ یہ تو لیجسلیشن ہے اور یہ بہت Important law ہے۔ میں نے تو آپ سے Specially ریکویسٹ کر لی کہ All the Honourable Members are requested to give attention to this one, it is a very important matter. اب وہ Amendment introduce کر رہے ہیں، 2008 Amendment لا رہے ہیں، آپ کو کیا پتہ ہے وہ کیا چیز ہے؟

وزیر قانون: سر، اسلئے تو یہ Fifteen days notice ہمیں دیں گے، ہمیں کہاں سے اطلاع ہو گی جی؟

Mr. Deputy Speaker: Now Mr. Abdul Akbar Khan M.PA, to please introduce the 'N-W.F.P Civil Servants Regularization of Services (Amendment) Bill, 2008'. Mr. Abdul Akbar Khan.
Mr. Abdul Akbar Khan: Sir, I beg to introduce the 'N-W.F.P Civil Servants Regularization of Services (Amendment) Bill, 2008'.
Mr. Deputy Speaker: The Bill stands introduced. Next, item No. 14, 'Resolutions'.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میرا تو خیال ہے کہ اس کو سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کیا چیز؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں یہ کہہ رہا ہوں، میرا تو خیال ہے کہ اس کو کسی بھی کمیٹی کے حوالے کر دیں، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ Ten days، جس طرح ان کو Ten days دیئے ہیں، اس کو بھی Ten days دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ فرما رہے ہیں کہ مطلب ہے ہم۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کمیٹی کو ریفر کر دیں؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، وہی ٹھیک ہے جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاؤس سے پوچھتے ہیں کہ ان کی رائے کیا ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک سر، جی وہی سلیکٹ کمیٹی۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور (سینیئر وزیر): جناب سپیکر، ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ کمیٹی کے حوالے کیا جائے، وہاں بیٹھ کر Thrash out کر لیں گے انشاءاللہ، جیسے دس دن تو اس کا ٹائم ہے، ان کے ساتھ اکٹھا یہ بھی کر لیں گے۔

Mr. Deputy Speaker: So, this Bill is also referred to the Committee concerned.

قرار دادیں

Mr. Deputy Speaker: Now coming to item No. 14. Mr. Israrullah Khan Gandapur, MPA, to please move his resolution No. 7.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ، سر۔ "یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ ریڈیو پاکستان، ڈیرہ اسماعیل خان میں سو کلوواٹ کا ٹرانسمٹر نصب کیا جائے اور ساتھ ہی براڈکاسٹنگ ہاؤس کو ڈیرہ شہر کے اندر منتقل کیا جائے"۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the Honourable Member may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Dr. Zakirullah Khan, MPA., to please move his resolution No. 10. Not Present, withdrawn. Noor Sahar, the Honourable MPA, to please move her resolution No. 17. Hon'able Noor Sahar.

محترمہ نور سحر: شکریہ، سپیکر صاحب۔ "یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ ملاکنڈ ڈویژن کے جن علاقوں کو ابھی تک سوئی گیس فراہم نہیں کی گئی ہے، ان علاقوں کو فوری طور پر سوئی گیس فراہم کی جائے"۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the Honourable Member may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Dr. Zakirullah Khan, Honourable MPA. Not present, withdrawn. Mr. Pervez Ahmad Khan, Honourable MPA, to please move his resolution No. 39. Not present, withdrawn. Mr. Iftikhar Khan, Honourable MPA, to please move his resolution No. 52. Iftikhar Khan.

جناب افتخار خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ "یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ میرے حلقہ پی ایف 30 مردان جو ایک پسماندہ حلقہ ہے اور اس ترقی یافتہ دور میں سوئی گیس کی سہولت سے محروم ہے، کو ترجیحی بنیادوں پر سوئی گیس فراہم کرنے کے اقدامات کرے"۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the Honourable Member may be passed?

Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Saeeda Batool Nasir, Honourable MPA, to please move her resolution No. 57.

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: شکریہ، سپیکر صاحب۔"یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ چونکہ مرکزی حکومت نے ایک سے پندرہ تک تمام کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے کا اعلان کیا ہے، لہذا صوبائی حکومت بھی ایک سے لیکر پندرہ تک تمام کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرے"۔

Mr. Deputy Speaker: The Minister concerned, please. Bashir Ahmad Bilour.

جناب بشیر احمد بلور(سینیئر وزیر): جناب سپیکر صاحب، اس میں چونکہ فنانس Involve ہے تو اسلئے حکومت اس پر غور تو کر سکتی ہے، ویسے قرارداد کو ہم پاس نہیں کر سکتے، میں معذرت خواہ ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترمہ، آپ مطمئن ہیں؟

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: نہیں، قرارداد تو پیش کی ہے، غور کرنے کا کیا مطلب؟ فنانس Involve ہے تو اتنا فنڈ ابھی تو ہے اس میں، بہت ساری Vacant پوسٹیں بھی ہیں۔ ایجوکیشن منسٹر بیٹھے ہیں اور اس میں فنڈ کی ایسی کوئی بات تو نہیں ہے۔ جب مرکزی حکومت نے اعلان کیا ہے اور فنڈ تو Available ہے کیونکہ ہمارے پاس 95 vacancies ہیں اور-----

سینیئر وزیر(بلدیات): نہیں، ایسی بات نہیں ہے، ہمیں کوئی اعتراض اس میں نہیں ہے۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ اس میں فنانس Involve ہے، ہم دیکھیں گے، غور کریں گے۔ ہم اس ٹائم یہ قرارداد پاس نہیں کر سکتے، میری صرف یہ ریکویسٹ ہے۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: سر، یہ جیسے فنانشل-----

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House.........

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: سر، ایک سیکنڈ۔ سپیکر صاحب!-----

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the Honourable Member may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was rejected)

Mr. Deputy Speaker: The 'Noes' have it. The resolution is dropped. Alhaj Sanaullah Khan Miankhel, Honourable MPA, to please move his resolution No. 74. Janab Sanaullah Khan Miankhel.

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: جناب سپیکر، آپ کی اجازت سے اس قرار داد کو پیش کرنے سے پہلے میں تھوڑا سا اس کے سیاق و سباق میں جانا چاہتا ہوں۔ آج بد قسمتی سے جب ہم اس کو لفٹ کا نام دیتے ہیں، جس وقت چشمہ بیراج بنایا جارہا تھا، میرے علم کے مطابق اس وقت اس کی Height، وہاں پر جو چشمہ ریسٹ ہاؤس بنا ہوا ہے، وہاں تک تھی لیکن چونکہ اس وقت غلبہ وہاں پر بیوروکریسی اور انجینئرز کا تھا، جس کو بعد میں چشمہ کو نیچے کر کے ڈیزائن کیا گیا اور ان کے ذہن میں اس وقت بھی یہ بات تھی کہ صوبہ سرحد میں واحد یہ ایریا ہے جس کو مجبوراً ہمیں پانی دینا پڑے گا۔ ہمیں آج تک ان مصائب سے اور محرومی سے دوچار کیا گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت اگر چشمہ اپنے ڈیزائن پہ بنتا تو میں کالا باغ جتنی بجلی کا نہیں کہتا ہوں لیکن شاید آج بھی اس سے میرے خیال میں کم از کم پاکستان میں بجلی کی جو Shortage ہے، اسی سے جنریٹ کر کے پیدا کی جا سکتی تھی۔ اس میں تھوڑا سا ایریا، کیونکہ اس طرف تھل ہے اور اس طرف پہاڑ ہیں، پہاڑوں کا سلسلہ ہے اور یہ Feasible بیراج تھا جو بہت کم خرچے سے، صرف اس کا جو Right bank spur تھا، وہ بنانا پڑتا تھا لیکن وہ نہ بننے کی وجہ سے آج ہم اسی لفٹ کی بات کر رہے ہیں۔ جناب والا! جس طرح سے آج ہم اس اسمبلی میں آٹا کرائسز کی بات کر رہے ہیں، ہمارے پاس زمین Available ہے، پانی موجود ہے لیکن اس کو اتنا گھمبیر بنایا گیا کہ آج ہم لفٹ کی بات کر رہے ہیں۔ بہر کیف میں اپنی قرار داد کو پیش کرنا چاہتا ہوں اور اس کے ساتھ، یہ چونکہ ہمارے صوبے کی شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہے، اسمبلی سے توقع بھی کروں گا اور آج چیف منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، جناب سپیکر، "یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ چشمہ فرسٹ لفٹ رائٹ بنک کینال کی فوری طور پر منظوری دے کر تعمیر کا کام شروع کیا جائے کیونکہ صوبہ سرحد کے حصے کا پانی جو 1991 ایوارڈ کے مطابق موجود ہے، کو نئے پراجیکٹ کے ذریعے استعمال میں لایا جا سکتا ہے جو کہ صوبے میں واحد موزوں پراجیکٹ ہے، جس کو فوری طور پر شروع کیا جا سکے۔"

Mr. Deputy Speaker: Minister concerned.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): بالکل پاس ہو جائے جی، یہ Unanimously پاس ہو جائے جی۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the Honourable Member may be passed?

Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously (Applause).

جناب ڈپٹی سپیکر: چونکہ سپیکر صاحب تشریف لا چکے ہیں، باقی ایجنڈا وہ چلائیں گے، لہذا پانچ منٹ کیلئے Sitting کو Adjourn کیا جاتا ہے۔ آپ یہاں ہی تشریف رکھیں، سپیکر صاحب ابھی پانچ منٹ میں آ رہے ہیں۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

(جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Mst: Tabassum Shams Katozai, MPA, to please move her resolution No. 87 in the House. Tabassum Shams Katozai please.

محترمہ تبسم شمس: شکریہ، جناب سپیکر۔ "یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ صوبے میں کام کرنے والی خواتین ماؤں کو ان کے کام کی جگہ پر ایسا ہال یا کمرہ مہیا کیا جائے جہاں وہ اپنے چھ ماہ تک کے شیر خوار بچوں کو لا سکیں تاکہ ماں اور بچے کا تقدس پامال نہ ہو"۔

Mr. Speaker: Minister for Law, please.

وزیر قانون: دے کښېنے سر، گزارش دا دے چه بالکل دا احساسات، جذبات زمونږه هم دی چه څنگه زمونږ د دے خور دی خو هر ځائے کښې به دا Possible نه وی چه دوئ د پاره بيله کمره او بيل هال Build شی او دويمه خبره دا ده چه دا فنانس به Involve کوی جی او بالکل په دے باندے زمونږه دغه جذبات دی او زمونږه د هر افسر به دا کوشش وی چه دا سے مئيندے چه د هغوی سره Suckling babies وی چه هغوی ته Proper، صحيح طريقے سره ماحول مهيا کړی خو Specially dedicated rooms يا Dedicated halls، دا خو د کروړونو، اربونو روپو Expenditure involve کوی نو دا قرارداد مونږه اخلاقی طور باندے سپورټ کوؤ خو لکه پاس کولے ئے نه شو جی، دا پرابلمز دی۔

جناب سپیکر: جی، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ، سر۔ سر، اس میں میری ریکویسٹ ہے کہ بہن نے جو ریزولیوشن لائی ہے، اگر تعمیر سرحد میں کیبنٹ اس کو Include کرلے تو خزانے پر بھی بوجھ نہیں آئے گا اور ممبر کی Discretion بن جائے گی جس جگہ پر وہ بنانا چاہے۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: جی، منسٹر لاء پلیز، تعمیر سرحد میں یہ ممکن ہے؟

وزیر قانون: یرہ جی، ایسا تو، میرے خیال سے اس قسم کے یہ بنانے کی تو دنیا میں کہیں پر آج تک Possibility نہیں ہے جی۔

جناب سپیکر: جی، بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): یہ تعمیر سرحد پروگرام ہے، اس کیلئے ایک علیحدہ وہ ہے کہ آپ یہی اس میں کر سکتے ہیں۔ اب اس میں تو Amendment ایسی نہیں ہو سکتی۔ حکومت اس پر غور کرے گی، اگر ہو سکتا ہے تو انشاء اللہ ضرور Accommodate کریں گے ان کو۔

محترمہ تبسم شمس: جناب سپیکر، اگر یہ اس میں Include کرلیں تو۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر صاحب، تعمیر وطن کیلئے ایک مخصوص Criteria ہے، اس میں یہ Include نہیں ہے تو اسلئے اس کو پھر Include کرنا پڑے گا۔ تو حکومت دیکھ لے گی، اگر اس کی ضرورت ہوئی تو انشاء اللہ ضرور کریں گے مگر As قرارداد یہ اگر پاس ہو گئی پھر حکومت پر Binding ہو جائے گی۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ پہلے تو Clear کرلیں کہ یہ Lactating mothers کیلئے ہر جگہ چاہ رہی ہے؟

سینیئر وزیر (بلدیات): جی؟

ایک آواز: ہر جگہ چاہ رہی ہے۔

جناب سپیکر: یہ Lactating mothers۔۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): ہاں، ہر جگہ چاہ رہی ہے، That is impossible جی، اسلئے مہربانی کریں اس کو ہاؤس کو Put کریں آپ۔

محترمہ تبسم شمس: سپیکر صاحب!۔۔۔۔

جناب سپیکر: سعیدہ بتول بی بی کا مائیک ذرا آن کریں۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: جی میں یہ کہنا چاہوں گی کہ اگر ہاؤس سے رائے لی جائے، اگر میجارٹی نے پاس کر دیا تو قرارداد پاس کر لی جائے، حکومت کو اس کیلئے پھر Provide کرنا پڑے گا۔

Mr. Speaker: Okay, the motion before the House is that the resolution moved by the Honourable Member may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed by majority. (Applause)

وزیر قانون: جناب سپیکر سر، دا خو Show of hands، دا خو طریقه د ه چه پینځه کسان-----

جناب سپیکر: آواز ذرا تیز کریں، نہیں آ رہی ہے۔

وزیر قانون: نہ جی، یہ آواز-----

جناب سپیکر: آپ کی بھی آواز نہیں آ رہی ہے، تو آپ کی------

وزیر قانون: آواز سے جی Determine نہیں ہو سکتا یا تو Show of hands کرائیں جی، یہ تو اس طریقے سے سارا Business bulldoze ہو گا جی اور یہ ایک دن نہیں ہے، یہ تو روزانہ کا حساب کتاب ہے، تو یہ Show of hands ہو تاکہ Proper طریقے سے حکومت اپنی Strength show کرے اور باقی لوگ اپنی کریں جی۔

جناب سپیکر: یہ آواز اگر آپ چیلنج کرتے ہیں تو میں Show of hands پر پھر لے جاؤنگا، آپ لوگوں نے چیلنج نہیں کیا نا؟

وزیر قانون: نہیں جی، ہم------

(شور)

جناب سپیکر: نہیں، رولنگ تو ہو گئی ہے لیکن انہوں نے------

سینیئر وزیر (بلدیات): نہیں، نہیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ بہر حال یہ Unanimous پاس نہ ہو تو پھر Binding نہیں ہے حکومت پر، مگر اتنی ریکویسٹ ہے کہ 'ہاں' یا 'ناں' کو ذرا آپ-----

جناب سپیکر: اس کو تو ڑا چیلنج کرنا پڑے گا کہ اس پہ-----

سینیئر وزیر (بلدیات): ہمیں اعتراض نہیں ہے، اب آپ نے رولنگ دے دی ہے۔ آپ کی رولنگ Accepted ہے۔ کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔

Mr. Speaker: Thank you.

سینیئر وزیر (بلدیات): مگر یہ ہے کہ آئندہ پلیز ذرا خیال کریں اور یہ ہم پر Binding بھی نہیں ہے اور اپوزیشن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ لوگوں کی طرف سے کوئی چیلنج کرے گا کہ اس کو۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): ٹھیک ہے جی۔

Mr. Speaker: Thank you. Dr. Muhammad Khalid Raza Zakori Sahib, to please move his resolution No. 96. Dr. Muhammad Khalid Raza Zakori Sahib.

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: جناب سپیکر صاحب، شکریہ۔ قرارداد سے قبل میں عرض کروں گا کہ میرے حلقہ، پی ایف 75، لکی مروت میں دو گرڈ سٹیشنز ہیں، ایک تاجہ زئی اور دوسرا درہ پیزو جو سڑسٹھ ہزار KV کے تھے۔ اب ایک سال قبل ان کو بڑھا کر ایک لاکھ بتیس ہزار KV کر دیا گیا ہے اور تاجہ زئی گرڈ سٹیشن پر کام بھی شروع ہے مگر کنٹریکٹر بڑی پس و پیش سے کام لے رہا ہے اور کام سست روی کا شکار ہے۔ اسی طرح جو پیزو گرڈ سٹیشن ہے، اس کیلئے ٹرانسمیشن لائن بچھائی جا رہی ہے مگر تاروں کیلئے ٹینڈر طلب نہیں کئے گئے۔ اسی طرح پیزو گرڈ سٹیشن کی عمارت کیلئے ٹھیکہ نہیں دیا گیا، لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ تاجہ زئی گرڈ سٹیشن پر کام کی رفتار کو تیز کیا جائے اور پیزو گرڈ سٹیشن کا ٹھیکہ دے کر وہاں بھی کام کو فوری طور پر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ پہلے جو لکھی ہوئی ہے، اس کو تو پڑھ لیں۔ پیر صاحب! اپنی ریزولیوشن ذرا پڑھ لیں۔

ڈاکٹر محمد خالد رضا پیرزکوڑی شریف: "یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ میرے حلقہ پی ایف 75 لکی مروت میں گرڈ سٹیشن تاجہ زئی اور گرڈ سٹیشن درہ پیزو کو 66KVA سے بڑھا کر 132KVA کرنے کی منظوری دی گئی ہے اور تاجہ زئی گرڈ سٹیشن کی تعمیراتی کام کا ٹھیکہ بھی دیا گیا ہے لیکن ٹھیکیدار مسلسل تاخیر سے کام لے رہا ہے، اسی طرح گرڈ سٹیشن درہ پیزو پر بھی تا حال کام کا آغاز نہیں ہوا، لہذا مذکورہ بالا دونوں گرڈ سٹیشنز پر جلد از جلد کام مکمل کرنے کے احکامات جاری کئے جائیں۔"

جناب سپیکر: متعلقہ وزیر۔ رحیم داد خان صاحب! جواب دے دیں۔

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی ترقی وتوانائی): چونکہ اس قرارداد کا تعلق وفاقی حکومت، واپڈا سے ہے لہذا اس کا جواب حسب ذیل ہے:

تاجہ زئی کی ٹرانسمیشن لائن اور 132 KV گرڈ سٹیشن پر کام جاری ہے اور مقررہ معیاد میں مکمل کر دیا جائیگا جبکہ 66KV پیزو گرڈ سٹیشن کی بڑھائی پہلے ہی سے بشمول ڈیزائن دفتر کے زیر مطالعہ ہے اور مذکورہ بالا گرڈ سٹیشن پر کام ڈیزائن آفس لاہور کی منظوری موصول ہوتے ہی شروع کیا جائیگا۔ تاہم گرڈ سٹیشن کی 132KV لائن پر تعمیر کا کام جاری ہے اور جلد ہی مکمل کر لیا جائے گا۔ صوبائی حکومت قرارداد مذکورہ کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ (تالیاں)

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the Honourable Member may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Mr. Saqibullah Khan Chamkani, MPA, to please move his resolution No.105. Mr. Saqibullah Khan Chamkani.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی، سپیکر صاحب۔ "یہ اسمبلی قرار دیتی ہے کہ:۔

ہر گاہ کہ شہری علاقوں اور دیہی علاقوں میں کام کرنے والے ملازمین کی تنخواہوں میں تفاوت موجود ہے:

اور ہر گاہ کہ اسی تفاوت کے نتیجے میں دیہی علاقوں میں کام کرنے والے ملازمین شہری علاقوں میں ٹرانسفر کرواتے ہیں جو علاقے کے ایم پی اے اور وزراء صاحبان پر اپنے کاموں کے علاوہ ایک اضافی بوجھ ہے اور دوسری طرف دیہی علاقوں میں کام کرنے والے ملازمین میں بے چینی پائی جاتی ہے جس کی وجہ سے وہ اپنے فرائض صحیح طریقے سے سرانجام نہیں کر پاتے ہیں۔

لہذا اس تفاوت کو دور کرنے کیلئے یہ صوبائی اسمبلی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ دیہی علاقوں میں کام کرنے والے ملازمین کو شہری ملازمین کی طرح یکساں الاؤنسز دی جائیں"۔

جناب سپیکر: جناب منسٹر صاحب۔

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): سپیکر صاحب، خنګه چه تاسو ته معلومه ده چه په بنار کښې کرایانې هم سیوا وی۔ په هره حواله باندې که تاسو اوګورئ نو د رورل ایریاز یا د Surroundings ایریاز په نسبت باندې په بنار

کښے ژوند لړ Expensive وی۔ زما یقین دے سپیکر صاحب، چه دا خبره بالکل ممکن نه ده چه کوم Incentives په دغه اربن ایریاز کښې دی یا مخصوص په دغه ځایونو کښې وی نو دا خبره د Financial constrain په وجه باندے ممکن نه ده چه دا سے اوشی نو لهذا مونږ د دے سره Agree کیدے نه شو۔ مهربانی جی۔

جناب سپیکر: جی، ثاقب اللہ خان۔

